Examination: Sample Paper    Session/Year: 2019-20

Time Allowed: 2½ hours    Paper: A&B

Subject: Urdu    Max. Marks: 80

Note:

Name:    Class: 4th    Roll. No.:

سوال نمبر 1: دیئے گئے اقتباس میں سے سوالوں کے جواب تلاش کر کے لکھیں۔

پرانے زمانے کی بات ہے ایک خود مختار راجا کو بوڑھے لوگوں سے سخت نفرت تھی وہ بوڑھے لوگوں کو ایک بوجھ اور فضول تصور کرتا تھا جو صرف کھاتے پیتے ہیں اور کام کچھ نہیں کرتے۔ لہٰذا اُس نے اعلان کرایا کہ کسی بھی خاندان میں ساٹھ سال سے زیادہ عمر کا کوئی فرد موجود نہیں ہونا چاہیے جو لوگ اُس حکم کی خلاف ورزی کریں گے اُن کو سخت سزائیں دی جائیں گی لوگوں نے اُس پہاڑ کو "آدم خور پہاڑ" نام دے رکھا تھا۔ علاقہ میں گوتم نامی ایک کسان اپنے دو بچوں، بیوی اور ماں کے ساتھ رہتا تھا گوتم ماں کو بہت چاہتا تھا اور اپنے ہر کام میں اُس سے صلاح و مشورہ کرتا تھا

سوالات

i) لوگوں نے اُس پہاڑ کا کیا نام رکھا تھا؟ 1.5

ii) گوتم کس سے صلاح و مشورہ لیتا تھا؟ 1.5

iii) راجا کن لوگوں سے نفرت کرتا تھا؟ 2

iv) گوتم کس کے ساتھ رہتا تھا؟ [1.5]

v) راجا نے کیا اعلان کروایا؟ [1.5]

vi) گوتم ______ کو بہت چاہتا تھا۔ [0.5]

vii) راجا بوڑھے لوگوں کو کیا تصور کرتا تھا؟ [1.5]

iii) دیئے گئے اشعار میں سے سوالوں کے جواب تلاش کر کے لکھیں

ماں باپ اور اُستاد سب ہیں خدا کی رحمت
ہے روک ٹوک ان کی حق میں تمہارے نعمت
کڑوی نصیحتوں میں ان کی بھرا ہے امرت
چاہو اگر بڑائی کہنا بڑوں کا مانو
تم کو خبر نہیں کچھ اپنے بُرے بھلے کی
جتنی ہے عمر چھوٹی اتنی ہے عقل چھوٹی
ہے بہتری اسی میں جو ہے بڑوں کی مرضی

سوالات

i) کڑوی نصیحتوں میں کیا بھرا ہوا ہے؟ [1]

ii) تم کو کس چیز کی خبر نہیں ہے؟ [2]

iii) تمہاری بہتری کس میں ہے؟ [2]

iv) بڑائی حاصل کرنے کے لیے کیا کرنا پڑتا ہے؟ [2]

v) یہ اشعار کس نظم سے لیے گئے ہیں [1]

vi) بڑوں کی روک ٹوک ہمارے حق میں کیا ہے؟ [1]

vii) خدا کی رحمت کسے بتایا گیا ہے؟ [1]

Date................................ Checked By.................................. Signature of Paper Setter

Name.................................... Name..............................

سوال نمبر ۲: ان سوالات کے جوابات لکھیں (کوئی پانچ کریں)

(i) تاجر اور مسافر جھگڑے کا فیصلہ کروانے کس کے پاس گئے؟

(ii) کیا ہمیں دوسرے مذہب کے لوگوں سے نفرت کرنی چاہیے؟

(iii) اولمپک گیمز کا انعقاد کہاں ہوتا ہے؟

(iv) ہندوستان کے کس کھلاڑی نے ۲۰۰۸ء میں سونے کا تمغہ حاصل کیا؟

(v) کیا بنیں دودھ پی سکا -

(vi) کھیلوں کے فائدے بیان کیجیے (کوئی دو فائدے لکھیں)

(vii) کیا وہ اپنے وعدے پر کاربند رہا؟

دوسرا حصہ

الفاظ کے معنی لکھیں (کوئی پانچ لکھیں)

کوڑے لگانا - قاضی - مستحکم - منہ میں پانی بھر آنا - ٹھان لینا - ہردم - تمغے

تیسرا حصہ

مند لگا کر پانچ الفاظ لکھیں

چوتھا حصہ

20 اکسٹھ سے پینسٹھ تک گنتی لکھیں

سوال نمبر ۳: گرامر

(i) زمانے کے لحاظ سے فعل کی اقسام مثالوں کے ساتھ لکھیں

یا

بناوٹ کے لحاظ سے اسم کی اقسام مثالوں کے ساتھ لکھیں

iii) الفاظ کی ضد لکھیں (کوئی پانچ کریں)

عزت - ناکام - مزدوری - قابل - صفائی -
سردی - اضافہ

iv) واحد کی جمع لکھیں (کوئی پانچ کریں)

دائرہ - مشورہ - مظاہرہ - تمغہ - انعام
تقریب - چھٹی

15

سوال نمبر 4: تحریری مہارت

i) اخبار کے فائدے کے بارے میں لکھیں

یا

فیس معافی کی درخواست لکھیں

5

ii) تصویریں دیکھ کر بتائیں کون کیا کر رہا ہے (جملے مکمل کریں)





کُتا ------- ہے

بکری ------ ہے

Date................................ Checked By.................................. Signature of Paper Setter

Name.................................. Name..............................





5

گائے ۔۔۔۔۔۔ کھاتی ہے۔ اونٹ ۔۔۔۔۔۔ ہے۔

سوال نمبر ۳: املا درست کر کے لکھیں

(i) غول (ii) صبق

(iii) خانا (iv) راسطہ

(v) خوبصورت (vi) نیق

(vii) گُلام (viii) عولاد

(ix) دوستی (x) تبرزع

10

سوال نمبر ۴: دیئے گئے پیراگراف کو ایک بار اور خوشخط لکھیں

دسہرہ کا تہوار اس لحاظ سے سبق آموز ہے کہ اس سے
ہمیں شری رام چندر کی شجاعت، قربانی، فرمانبرداری
اور غیرت مندی کا سبق ملتا ہے اسی طرح سیتا جی کی
شوہر پرستی اور لکشمن جی کی وفاداری، محبت اور
دلیری بھی بے مثال ہے انہوں نے محل کا عیش و آرام
چھوڑ کر بھائی کے بن باس میں پورا ساتھ دیا۔

5